# 01-10-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔مرکزی کابینہ نے سرکاری ملازمین کے لیے مہنگائی بھتہ (ڈی اے) اور پنشنرز کے لیے مہنگائی ریلیف (ڈی آر) میں تین فیصد اضافہ کی منظوری دی ہے۔ اس کے علاوہ ربیع کی تمام فصلوں کیلئے سال 2026-27ء کے تحت ایم ایس پی میں اضافہ کو بھی منظوری دی گئی۔

۲۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے آج کہا ہے پارٹی، آنے والے ادارہ جات مقامی انتخابات میں تمام سیٹوں پر مقابلہ کرے گی۔

۳۔ریزرو بینک آف انڈیا نے موجودہ مالی سال کے لیے جی ڈی پی کی شرح نمو کے تخمینے کو 6.8 فیصد کر دیا ہے۔

اور

۴۔نو مقرر کردہ ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی ترجیح، آنے والے لوکل باڈی الیکشنس کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانا ہے۔

DGP

1994 بیچ کے آئی پی ایس آفیسر شیودھر ریڈی نے آج باضابطہ طور پر تلنگانہ کے نئے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (ڈی جی پی) کا عہدہ سنبھال لیا۔ وہ ریاست کے قیام کے بعد اس اعلیٰ عہدے پر فائز ہونے والے چھٹے افسر ہیں۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیودھر ریڈی نے کہا کہ ان کی اولین ترجیح آئندہ بلدیاتی انتخابات کو پُر امن اور شفاف انداز میں منعقد کرانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کے پاس ایک مضبوط ٹیم ہے اور فیلڈ سطح پر جدید ٹیکنالوجی کو مؤثر طریقے سے استعمال کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس محکمے میں اس وقت تقریباً 17 ہزار جائیدادیں خالی ہیں۔ اس سلسلے میں وہ

حکومت سے بھرتی کے عمل کو تیز کرنے کی درخواست کریں گے۔ ساتھ ہی انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صرف اسٹیشنوں کی تعداد بڑھانے کے بجائے پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ماؤنوازوں کے مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے شیودھر ریڈی نے کہا کہ اب خود ان کی تنظیم کے کئی لیڈران اس حقیقت کو مان رہے ہیں کہ ان کی نظریاتی سوچ عملی طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے بقیہ کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ مرکزی دھارے میں شامل ہو جائیں۔ ڈی جی پی نے یہ بھی واضح کیا کہ سوشل میڈیا کے غلط استعمال کو سختی سے روکا جائے گا اور کسی بھی ایسی پوسٹ پر کارروائی کی جائے گی جو دوسروں کی شہرت یا ساکھ کو نقصان پہنچائے۔

CDM

میجر جنرل جی سرینواس نے آج کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ (سی ڈی ایم) کے نئے کمانڈنٹ کا عہدہ سنبھال لیا۔ انہوں نے لیفٹیننٹ جنرل ہرش چھیبر (اے وی ایس ایم، وی ایس ایم) کی جگہ یہ ذمہ داری سنبھالی ہے، جو اب ڈائرکٹر جنرل آف انفارمیشن سسٹمس کے عہدے پر فائز ہو گئے ہیں۔ میجر جنرل سرینواس کالج آف ڈیفنس مینجمنٹ اور نیشنل ڈیفنس کالج دونوں کے فارغ التحصیل ہیں۔ دفاعی بیان کے مطابق، وہ ایک باوقار افسر ہیں جنہیں اپنے شاندار کیریئر کے دوران کئی اعزازات سے نوازا جا چکا ہے۔

CABINET

مرکزی کابینہ نے سرکاری ملازمین کے لیے مہنگائی بھتہ (ڈی اے) اور پنشنرز کے لیے مہنگائی ریلیف (ڈی آر) میں تین فیصد اضافہ کی منظوری دی ہے۔ نئی دہلی میں کابینی اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ اس فیصلے سے تقریباً 49 لاکھ 20 ہزار سرکاری ملازمین اور 69 لاکھ 70 ہزار پنشنرز کو فائدہ پہنچے گا۔ یہ اضافہ یکم جولائی سے نافذ ہوگا۔

SOUND BYTE ASHWINI VAISHNAW

ویشنو نے مزید کہا کہ کابینہ نے پورے ملک میں 57 نئے کیدر یہ ودیالیہ کھولنے کی منظوری دی ہے جس پر پانچ ہزار 862 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت آئے گی۔ان میں سے 20 اسکول ان اضلاع میں کھولے جائیں گے جہاں پہلے سے کوئی کیدر یہ ودیالیہ موجود نہیں۔اس فیصلے سے 87 ہزار طلباء کو فائدہ ہوگا جبکہ چار ہزار چھ سوئی تدریسی جائیدادیں پیدا ہوں گی۔اس کے علاوہ کابینہ نے ربیع کی تمام لازمی فصلوں کے لیے کم از کم امدادی قیمت (ایم ایس پی) بڑھانے کی بھی منظوری دی ہے۔اشونی ویشنو نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کو ان کی پیداوار کے مناسب دام دلانے کے لیے ربیع کی فصلوں کی MSP میں اضافہ کیا ہے۔

SOUND BYTE ASHWINI VAISHNAW

HANUMANTHA RAO

سینئر کانگریس رہنما اور سابق رکن پارلیمنٹ وی ہنمنت راؤ نے پسماندہ طبقات (بی سیز) سے اپیل کی ہے کہ وہ متحد ہو کر مقامی انتخابات، تعلیم اور روزگار میں 42 فیصد ریزرویشن کا موقع حاصل کریں۔ حیدر آباد کے ناممپلی میں گاندھی بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھ رہنما پسماندہ طبقات کے راستے میں رکاوٹ بن رہے ہیں اور اس سلسلے میں عدالت میں درخواستیں بھی دائر کی گئی ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بی سیز اس موقع پر متحرک نہ ہوئے تو مستقبل میں یہ مواقع دوبارہ نہیں مل سکیں گے۔

RBI

ریزرو بینک آف انڈیا نے موجودہ مالی سال کے لیے جی ڈی پی کی شرح نمو کے تخمینے کو 6.8 فیصد کر دیا ہے۔اسی طرح رواں مالی سال کے لیے مہنگائی کی شرح 2.6 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے جو پچھلے تخمینے سے کم ہے۔اس دوران آر بی آئی نے شرح سود کو برقرار رکھا ہے۔آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا

نے ممبئی میں مالی سال کی چوتھی دوماہی پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ ریپو ریٹ کو 5.5 فیصد پر برقرار رکھا گیا ہے جبکہ مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) نے متفقہ طور پر پالیسی ریپو ریٹ کو برقرار رکھنے اور غیر جانبدارانہ مؤقف جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

Weather

ریاست کے تمام اضلاع میں آج اور کل مختلف مقامات پر بوندہ باندی کے ساتھ ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے دفتر نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست بھر میں چند ایک مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی بھی ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست بھر میں ایک یا دو مقامات پر بارش ہوئی۔

CPI-100

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (سی پی آئی) کے قومی سکریٹری وینکٹ ریڈی اور پارٹی کے سنٹرل کنٹرول کمیشن چیرمین ڈاکٹر نارائنا نے بی جے پی کی زیر قیادت مرکزی حکومت پر اداروں کو کمزور کرنے طاقت کو مرکزیانے اور کارپوریٹ طبقہ کو فائدہ پہنچانے کے لئے فنڈس منتقل کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ حمایت نگر حیدرآباد میں آج سی پی آئی کے ریاستی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وینکٹ ریڈی نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ بی جے پی مذہبی خطوط پر عوام کو بانٹ رہی ہے اور جمہوری اداروں کو کمزور کررہی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کھمم میں 26 دسمبر کو سی پی آئی کی 100 سالہ تقریب بڑے پیمانے پر منعقد کی جائے گی۔

GOVERNOR:

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے دسہرہ کے موقع پر تلنگانہ کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوراتری فیسٹول سے ہم میں خوشی اور مسرت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اس فیسٹول کا اصل سبب برائی پر اچھائی کی جیت ہے۔

TRAVEL

ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے تہواروں کے سیزن کے پیش نظر خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کرتے ہوئے تقریباً ایک ہزار 450 خصوصی ٹرینوں کے علاوہ دیگر 500 اسپیشل ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ مشہور مقامات کیلئے تقریباً 350 ٹرینوں میں زائد کوچس لگائے جائیں گے۔ یہ سلسلہ نومبر کے اختتام تک جاری رہے گا۔ ٹی جی ایس آر ٹی سی کی جانب سے بھی 2 اکتوبر تک سات ہزار 754 خصوصی بسیں چلانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ 5 اور 6 اکتوبر کو بھی زائد بسیں چلائی جائیں گی۔

REV.PM-SS

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دہلی میں آر ایس ایس کی صدی تقاریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر آر ایس ایس کی تہذیبی خدمات اور ملک کو متحد کرنے کے لئے اس کے کردار کو نمایاں کیا گیا۔ مودی نے کہا کہ آر ایس ایس قوم کو تعمیر کررہی ہے۔ ان کے مطابق آر ایس ایس کا قیام صرف اتفاق نہیں تھا بلکہ یہ روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے قائم کی گئی۔ مودی نے اس موقع پر خصوصی طور پر تیار کردہ یادگاری پوسٹل اسٹامپ اور سکہ بھی جاری کیا۔

REV.BJP - KMN

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے آج کہا ہے پارٹی، آنے والے ادارہ جات مقامی انتخابات میں تمام سیٹوں پر مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے پارٹی لیڈرس پر زور دیا ہے کہ مجوزہ ادارہ جات مقامی انتخابات کیلئے ٹھوس حکمتِ عملی کے ساتھ تیاری کریں۔ کریم نگر پارلیمانی دفتر میں آج ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت ضلع صدر کرشنا ریڈی نے کی۔ رام چندر راؤ نے پارٹی کے منڈل صدور اور زیڈ پی ٹی سی انچارج کو مخاطب کرتے ہوئے زور دیا کہ سخت محنت کرتے ہوئے سرپنچ سے لے کر وارڈ ممبرس اور زیڈ پی ٹی سی سیٹوں پر پارٹی کی کامیابی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں بی جے پی کیلئے ماحول سازگار ہے جبکہ کانگریس اور بی آر ایس دونوں ہی پارٹیاں عوامی بھروسہ کھوچکی ہیں۔

Sound Byte

CHARGE:

سینئر آئی پی ایس آفیسر چاروسنہا نے آج تلنگانہ اینٹی کرپشن بیورو (اے سی بی) کے ڈائرکٹر جنرل کے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ چاروسنہا اِس سے پہلے اے سی بی میں جوائنٹ ڈائرکٹر، ڈائرکٹر اور انچارج ڈائرکٹر جنرل کے طور پر خدمات انجام دے چکی ہیں۔ انہوں نے بیورو کو مستحکم کرنے کے لئے اہم رول ادا کیا ہے۔ جائزہ حاصل کرنے کے بعد سنہا نے حکمرانی میں شفافیت اور عوامی حفاظت کو یقینی بنانے کا عزم کیا۔

OO